Nor shall the confederates be obliged to go to War with the Musulmins against their Enemies, either to fight or discover their Armies, because it is not of duty to a confederate to be employed in Military Affairs; but rather this compact is made with them, that they may be the less oppressed, but rather the Musulmans shall watch and ward and defend them. And therefore that they be not compelled to go forth to fight, or encounter the enemy, or find Horses or Arms unless they voluntarily furnish them; and he who shall thus willingly contribute shall be recompensed and rewarded. No Musulmins shall infest the Christians nor contend with them in any thing, but in kindness; but treat them with all courtesy and abstain from all oppression or violence towards them.

اوررفیقوں پریہه ضرورنهیں هوگا که همراه مسلمان کےانکےدشمنوں سے جنگ کرے کسواسطه یہه کام رفیقوں پر لازم نهیں هی که جنگ کے معامله میں شریك هوں بلکه خاص کر مطلب اس عهد نامه کا یہه هی که اون لوگوں پر ظلم نهووے اورمسلمانوں کولازم هی که انکي حفاظت کریں اور امن میں رکھیں لهذا اون لوگوں سے امداد واسطه مقابله غنیم کے واسطه پیاده یا سواران کي طلب نهیں کیجاویگي لیکن جو وه از خود مدد میں شریك هوں تو مضایقه نهیں اور جو ایسا کرینگے انکے واسطه انعام بهي هوگا اور لازم هے که کوئي مسلمان عیسائي کو تنگ نه کرے کسیطرح کي اونکو ایزا نه پهونچاوے بهرکیف مهرباني اور دوستي کے پیش آویں.*

If any Christian commit a crime or fault, it shall be the part of the Musulmins to assist him, intercede; and give caution for him, and compound for his miscarriage, liberty shall also be given him to redeem his life. Nor shall he be forsaken, nor distitute of help, because of the Divine Covenant which is with them; That they should enjoy, what the Mussulmin enjoy, and suffer what they suffer.

اگر کسي عیسائي سے کوئي قصور سرزد هووے تو مسلمان پر واجب هوگا که اسکي مدد میں شریك هو اور سفارش کرے اور ضامن هو وبصورت مناسب اسکي خطا معاف کراوے و بعیوض خون کے بهي جان بخشي هوکر اوسے تعوان لیا جاوے یه نهو که اوسے جدا هوکر بادرد چهوڑ دیویں کسواسطه اون لوگوں کے ساتھ عهدنامه خدا کا هواهی پس مناسب هے که هرایك مصیبت و آرام میں شریك رهیں.*

And according to this Covenant, which is by the Christians just request, and according to that endeavour which is so required, for confirmation of its Authority, you are obliged to protect them from all calamity, and perform all offices of good will toward them, so that the Musulmin may be sharers with them in prosperity and adversity.

بهرحال بموجب اس عهدنامه کے واجب هے که هر طرح کے رنج سے اون لوگوں یعني عیسائیوں کو امن میں رکهو اور نیك کام انکے ساتھ کرو اور شفقت سے پیش آؤ کسواسطه که یه عهدنامه اگرچه بدرخواست عیسائیوں کے قرار پایا هی مگر بهر کیف مناسب اور واجب هے لهذا اسکو برقرار رکهنا سب پر لازم هے هر حالت میں مسلمان لوگ انکے ساتھ رهیں اور رنج و راحت میں شریك رهیں *

Moverover, all care ought to be had, that no violence be offered to them as to matters

اسبات پر کمال لحاظ رکهنا چاهئے که درباب شادي کے کسي طرح کي زیادتي

relating to Marriage, viz. that they compel not the Parents to match their Daughters with Musulmin; nor shall they be molested for refusal either to give a Bridegroom, or a Bride; for this is an act wholly voluntary depending on their free will and pleasure.

اون لوگوں کے ساتھ عمل میں نہ آوے یعني مسلمان کو نہ چاهئے که جبراً انکي دختران سے شادي کریں اگر ایسا پیغام هووے بهي واسطه شادي دختریا پسر اور وہ انکار کریں تو بباعث اس انکار کے کچھ سختي انکے ساتھ نکریں کسواسطه که یہه امر اختیاري هی اور رضامندي پر منحصر *

But if it happen that a Christian woman shall join with a Musulmin, he is obliged to give her liberty of conscience in her Religion, and that she may obey the Ghostly Father, and be instructed in the Doctrines of her Faith without impediment.

اگر ایسا هووے که عورت عیسائي مسلمان کو خاوند کرلیوے تو اس خاوند کولازم هے که هرگزاوسکے مذهب میں خلل انداز نه هو بلکه اس عورت کو اختیار هوگا که موافق اپنے مذهب اور حسب تعلیم اپنے پادري کے کار مذهبي میں کاربند رهے بلا هرج و مزاحمت کسیطرح کے *

Therefore he shall not disquiet her, by either threatening divorce, or by solicitations to forsake her faith; but if he shall act contrary hereunto, and molest her herein, he despises the Covenant of God, rebels against the compact of the Messenger of God, and is entered into the numbers of liars.

پس خاوند کو نه چاهئے که بدباغت طلاق دیدینے یا خوشامد کے اسکو واسطه چهوڑ دینے مذهب ترغیب کرے اگر برخلاف حکم کے کریگا تو عهد پیمان پیغمبر خدا سے دشمنائي کریگا اور کلام خدا کو ناچیز سمجهے گا تو کافر هوگا *

Moreover, when Christians would repair their Churches, or Covenants, or any thing else appertaining to their Worship, and have need of the liberality and assistance of the Musulmins herunto; they ought to contribute, and freely to bestow according to their ability; not with intention to receive it again, but gratis, and as a good will towards their Faith, and to fulfil the Covenant of the Messenger of God, considering the obligation they have to perform the Covenant of God, and the compact of the Messenger of God. Nor shall they oppress any of them living amongst the Musulmin nor hate them, nor compel them to carry letters, or shew the way, or any other, manner force them: for he who exercises any manner of this tyranny against them is an oppressor, and an adversary to the Messenger of God and refractory to his precepts.

علاوہ اسکے جسوقت عیسائي لوك
اپنے مکانات عبادت گاہ کو مرمت کیا
چاهیں اور ضرورت امداد مسلمانوں کي
هو تو مسمانوں کو چاہئے که حسب
حیسیت انکے مدد میں شریك هوں
اس نیت سے نهوں که جو دیویں پهر وه
واپس پاوینگے بلکه نظرالله تاکه ثابت
هو که وه انکے مذہب کے برخلاف نهیں
هیں اور نیز اس خیال سے که اسطرح
کي کرنے میں بجا آوري احکام خدا و
رسول هی اگر عیسائي مسلمانوں کے
بیچ میں رهتے هوں تو انکو ایزا نه
پهونچاویں اور جبراً کسیطرح کا بیگاري
کار انسے نه لیویں مسلاً خط پهونچانا
یاراہ بتلانااورواضح رهےاگرکوئي اسطرح
پر اونسے پیش آویگا تو وه ظالم متصور
هوگا اور دشمن پیغمبر خدا.*

These are the Covenants agreed between Mohomed, the Messenger of God, and Christians. But the conditions on which I bind these Covenants on their consciences, are these:

غرض که یه عهدنامه حسب شرایط
بالا کے قرارپایا هی مابین محمدصلي الله
علیهٔوسلم پیغمبرخداوعیسائیوں کے اوز
عیسائیوں کے جانب سے تعمیل شرایط
مفصله ذیل اون پر مناسب هی کوئي

That no Christians give any entertainment to a soldier enemy to the Mussulmin, or receive in his House publicly or privately. That

سپاهی جو مسلمانوں کا غنیم هووے
عیسائي اسکو اپنے مکان میں خفیه یا

they receive none of the enemies of the Musulmin as Sojourners into their Houses, Churches or Religious convents, nor underhand furnish the camp of their Enemies with Arms, Horse, men; or maintain any correspondence or intercourse with them by contracts or writing: but betaking themselves to some certain place of abode, shall attend to the preservation of themselves, and to the defence of their Religion.

علانیه آنے ندیویں اور نه اسکي خاطر کریں نه اون لوگوں کو جو مسلمانوں کے دشمن هوں بحالت مسافري اپنے مکان میں نه ٹهراویں نه اپني عبادت گاه میں اورنه خفیه انکے دشمنوں کو مدد دیویں هتهیار یا گهوڑے یا اور سامان جنگ سے اور نه انکے پاس کسیطرح کي آمدورفت رکهیں‌ازروے تحریریا اقرار نامه مگر ایام جنگ میں لاندم هوگا عیسائیوں کو کسي جگه امن میں جارهیں اور حفاظت کریں‌اپنے اوراپنے مذهب کي۔*

To any Musulmin, and his Beast, they shall give three days entertainment, with variety of meat, and moreover shall endeavour to defend them from misfortune and trouble. So that if any Musulmin shall be desirous, or be compelled, to conceal himself in any of their houses or habitations, they shall friendly hide him, and deliver him from the danger he is in, and not betray him to the enemy.

اور انکولاندم هوگا که مسلمان مسافر اور انکے جانور کو تین روز تک اپنے پاس ٹهراویں اور خورد نوش سے خاطر کریں اور انکو مصیبت اور تکلیف سے پناه دیویں اگر کسي مسلمان پر ایسي مصیبت پڑے که اسکو روپوش هونا ضرور هو تو اسکو اپنے مکان میں پناه دیویں‌اور آرام سے رکهیں نه انکے دشمن کے پاس اسکو پهونچا دیویں یا اسکي مخبري کریں۔*

And in this manner the Christians performing Faith on their side, whosoever violates any of these conditions.

غرضکه ایسي طور پر دیانت اور امانت سے چاهیکه عیسائي مطابق ان

and doth contrarily, shall be deprived of the benefits contained in the Covenant of God and his Messenger. Nor shall he deserve to enjoy those privileges indulged to Bishops and Christian Monks, and to the believers of the contents of the Alcoran.

شرایط کے عمل درآمدکرتے رهیں اگرکوئي امر برخلاف اسکے وہ کرینگے تو جسقدر آرام انکے واسطه ازروے اس عہدنامه کے تجویز کیا گیا هے وہ ضبط کر لیا جاویگا پھر مستحق نهوینگے حاصل کرنے اون باتوں کے جو نسبت انکے پادریوں کے لکھا گیا هے اور نیز اون لوگوں کو جو اهل قرآن پر ایمان رکھتے هیں۔*

Wherefore I do conjure my people by God and his Prophet, to maintain these things faithfully, and fulfil them in what part soever of the world they are; and the Messenger of God shall recompence them for the same: the perpetual observation whereof he seriously recommends them, until the day of Judgement and dissolution of the world.

لہذا هم اپنے ایمان داروں کو ازروے ایمان یه بات قرار دیتے هیں باسم خدا اور اسکے پیغمبر کے که اس عہدنامه کے شرایط کو بہر کیف برقرار رکھیں گے اور تعمیل اسکي کرینگے جب تک دنیا قایم هی اوراس فرماں برداري کاعیوض پیغمبر خدا سے ثمره پاوینگے اور عاقبت تک اس قول اقرار پر قایم رهیں۔*

Of these conditions which Mohomed, the Messenger of God hath agreed with the Christians and hath enjoined the witnesses were.

Abu Bacre, ابوبکر

Omar Ben—Alchearab, عمربن الخطاب

Isbman Ben—Afaw, عثمان بن عفان

Ali Ben—Abitaleb, علي بن ابي طالب

واضح رهے که یه عہد پیمان بگواهی اشخاص مفصله ذیل کے تحریر پائي ابوبکر بن قحافه رضي‌الله عنهه عمربن خطاب رضي‌الله عنهه عسمان بن عفان رضي‌الله عنهه علي بن ابو طالب کرمه الله وجهه معاویه بن سفوان اصحاب پیغمبر خدا تحریر کننده اول روز چاند

The Secretary was Moavias Ben Abi Safian, a soldier of the Messenger of God. The first day of the moon of the fourth month, the fourth year of Hegira, in Medina. May God remunerate those who are witnesses of this writing. Praised be God the Lord of all creatures.

Extracted from "the First State of Mahomedanism by the author "of the present state of the Jews" Imprimature Geo. Thorp. Author Launcelot Addison—Printed in 1697 A.D.

کے چوتھے مہینہ ہجري مقام مدینہ
خدا خوش رکھے اون لوگوں کو جنکي
گواهی اس پر تحریر هوئي اور سایه
رهے خدا کا اون پر جو اسکے مطیع هیں
یہه عہدنامه منتخب کیا گیا هی اُس
کتاب جسکا نام هی تواریخ حال
شروعات قوم محمدي۔*

اورراقم هی اسکاوه شخص جینوں نے
یهودي کے حال کي تواریخ لکهي هی
اور نام انکا لانس لٹ اڈي سین صاحب
سنه ۱٦۹۷ عیسوي میں مستر جارج
تهارپ صاحب نے اس کتاب کو مطبع
کیا تها۔*

Shaik Tajooddeen

This is the person of whom Mr.Commissioner Saunders makes mention in the certificate he gave to Moonshee Emamooddeen, Tuhseeldar of Moradabad, which is published at page 48 of Part II of this work.

At the time of the ourbreak he held the office of Darogah of the bridge of boats on the Ramagunga, below the city of Moradabad. When a horde of badmash Pathans of Rampore encamped on the left bank of the river, designing to make a mischievous demonstration against the city, Mr. J.C.Wilson went out to oppose them, and Tajooddeen was one of the party who joined in the attack. Bahadoorkhan, the leader of the the rebel gang, made an attempt upon Mr.Wilson's life but while he was in the very act of firing, Tajooddeen, with determined courage, and signal presence of mind, brought the ruffian to the ground with two cuts of his sword; and his misguided followers perceiving the fate of their leader, at once took to their heels, leaving five of their number as prisoners in the hands of the victors. Thus is due to Tajoodeen the praise of checking, by his undaunt-

شیخ تاج الدین

یہہ وہ صاحب ہیں جنکا نکر مستر ساندرس صاحب نے اپنے سارٹیفکٹ موسومہ منشي امام الدین صاحب تحصیلدار مرادآباد میں لکھا ہی اور جسکي نقل ہمارے رسالہ نمبر دو کے صفحہ ٤٨ میں مندرج ہی *

جب غدر ہوا تو یہہ صاحب مرادآباد میں رام گنگا کے پل کے داروغہ تھے جب رامپور کے پٹھان بدمعاشوں کے غول نے فساد مچانے کے ارادہ سے مرادآباد میں آنا چاہا اور رام گنگا کے بائیں کنارے تک آپونچھے توجاں کری کرافٹ ولسن صاحب انکے مقابلہ کو روانہ ہوئے یہہ صاحب گھاٹ پر سے انکے ساتھ ہوئے اور اون بدمعاشوں سے بمقابلہ پیش آئے بہادرخان جوسرگروہ اون بدمعاشوں کا تھا اُوسنے مسٹر ولسن صاحب پر حملہ کیا عین حملہ کرنے میں شیخ تاج الدین نے نہایت دلاوري سے دو زخم کاري تلوار کے اُسکو مارے اور اُسکو گرا دیا اون بدمعاشوں کے سردارکا یہہ حال ہوتے ہی وہ سب بھاگ نکلے پانچ آدمي اُنکے گرفتارہوئے اوراُس افسرکي دلاوري سے

ed mien and opportune dis-
play of valor, the mischief upon which the men were bent.

جو فساد که اون مفسدوں نے کرنا چاها تها وه نه هونے پایا *

In Mr. Wilson's certificate it is stated, that Tajooddeen attacked Bahadoorkhan with his sword, *after* the latter had been knocked down by a sepoy of the 29th Regt. N. I.; but, in point of fact, it was Tajooddeen himself that brought down the man in the manner above related, and no other individual can justly claim any participation in this act of heroism. The reason why mention has been made of the sepoy, is a secret which is well known to Mr. Wilson himself, and need not be further alluded to in this place.

سارٹیفکٹ جو اس افسر کو دئے گئے اون میں یہه بات لکهي هی که اُس افسرنے بہادرخان کے تلوارسوقت ماري جبکه اوسپر ایك سپاهی رجمٹ ۲۹ حربه کرچکا تها مگر اصلیت اسمعامله کي یہه هی که اسي افسر نے اُسکو زخمي کرکر گرایا کسي سپاهي کا اسمیں شمول نه تها. سپاهی کا ذکر ایك اور سبب سے لکها گیا هی جسکو مسٹر ولسن صاحب بہادر خوب جانتے هیں *

This is the very affair that is known in Moradabad as the *Juhad*; but, it is now seen, that Mahomedans themselves manifested a resolute opposition to it, and were prepared to do battle against it to the last extremity; a significant fact, from which rational and unprejudiced men will not fail to deduce a just conclusion, as to whether it can, with any appearance of justice, be maintained, that a set of low-lived ruffians, intent upon mischief and plunder, were really acting under an impulse of religious ardour, and initiating a Juhad, according to the tenets of our Faith!

یہه وهی هنگامه هی جو مرادآباد میں جہاد قایم هونے کے نام سے مشهور هی مگر جو لوگ عقلمند هیں وه دیکهیں گے که خود مسلمان اس هنگامه کے برخلاف مقابله اور مقاتله اور محاربه پر موجود تهے اور اسبات سے خود سمجه لینگے که آیا انصاف اجازت دیتا هی که اس قسم کے بدمعاشوں کے هنگاموں کو مسلمانوں کا مذهبي جہاد کها جاوے *

As a reward for his highly commendable conduct, the Government have, with characteristic liberality, bestowed upon Tajooddeen the better paid appoitment of Thanahdar of Kasheepoor, and a gratuity of 2,000 rupees.

بعوض اس خیرخواهی کے گورمنٹ نے اس افسر کي بہت عزت اور قدر کي اوردارو غگي پل سے اوپر عہدہ تھانہ داري کاشي پور کے ترقي کي اور دوھزار روپیہ نقد انعام میں مرحمت فرمایا۔*

Here follow the private testimonials and official reports relating to this individual.

اب اسمقلم پر ھم اُس افسر کے سارٹیفکٹوں اور رپورٹونکي جو حکام نے مرحمت فرمائي بعینہ نقل کرتے ھیں۔*

(COPY)

Delhi 18*th March* 1859,

I have much pleasure in certifying that Imamoodeen Kotwal of Mooradabad throughout the disturbances which took place during the latter part of May and commencement of June 1857, before the final mutinying of the 29th N. I. behaved in the most courageous and meritorious manner, and, although a Mohomedan, was steadfast and most faithful to the British Government; the Badmashes of Moradabad rose and placing themselves under the leadership of one Moulvee Munnoo, endeavoured to incite the whole Mohomedan population to rise and exterminate the Christian population. Without the slightest hesitation and without asking for further assistance the Kotwal

ترجمہ سارٹیفکٹ ساندرس صاحب بہادر

مورخہ ۱۸ مارچ سنہ ۱۸۵۹ ع

مقام دھلی

مجھکو کمال خوشي ھے درباب تصدیق اس امر کے کہ آخر ماہ مئي اور ابتداے ماہ جون سنہ ۱۸۵۷ عیسوي میں جب غدر شروع ھوا پھلے بگڑ جانے پلٹن ۲۹ کے امام الدین کوتوال مرادآباد کے تھے اور کمال ھی جوانمردي اور جانفشاني سے باوجود مسلمان ھونے کے خیرخواھي سرکار کرتے رھے اور جسوقت بدمعاشان مرادآباد معہ دیگر مسلمانان بسرگروھی مولوي منو مستعد فساد اور آمادہ قتل و خون ریزي صاحبان انگریز کے ھوئے اس وقت بھي اس شخص نے بلا استدعاء معاونت تدبیر قرار واقعي

took immediate steps to put down this rising through his Police. The ringleader Moulvee Munnoo and two or three of his chief associates were killed, and the rising was at once suppressed.

When the European Officers, Civil and Military, made their escape, the Kotwal was also obliged to fly and conceal himself, as his conduct on the above occasion exposed him to the bitter hatred of the whole Mohomedan population. His brother Tajoodeen the Darogah of the Bridge, also did good service and cut down the leader of a party of Pathans who came over from Rampore to raise the green flag of Islam on the sands of Ramgunga in front of Moradabad. I never saw a better Police Officer than Kotwal Imamoodeen, and consider him deserving of every consideration and reward from the British Government.

(Sd.) C. B. SAUNDERS,
Offg. Commr. of Delhi.
Late Magistrate and
Collector of Moradabad.
18*th March* 1858.

(True Copy)
(Sd.) G. RICKETS,
Magistrate.

واسطه انسداد فساد کے کري اور معرفت
اهالیان پولس کے اون لوگوں کو گهیر لیا
چنانچه مولوي منو معه دوتین آدمي
همراهی اپنے کے مارے گئے اور وه هنگامه
کم هوا هرگاه حکام ملکي وجنگي مرادآباد
سے تشریف لیگئے اسوقت کوتوال مذکور
بهي فرار هوکر مخفي هو گیا اس نظر
سےکه یهه شخص خیرخواه سرکار مشهور
و معروف تها اور مسلمان اس ضلع کے
مخالف اسکے تهے. تاج الدین داروغه
پل جو اونکا بهائي هی اونهوں نے بهي
اچهي خیرخواهی کري چنانچه رامپور
سے پٹهان لوگ جویهاں آئے اور رام گنگا
کے کناره محاذي شهر مرادآباد کے
محمدي جهنڈا کهڑا کرنا ٹهرایا اسي
تاج الدین نے انکے سرداروں کو روکا تها.
غرض که همنے امام الدین سے بهتر کوئي
افسر پولس نهیں دیکها اور همارے
نزدیك مستحق سرفرازي اور لایق
عطاے انعام کے هیں.*

دستخط سي بي ساندرس صاحب
قایمقام کمشنر دهلي سابق
مجسٹریٹ کلکٹر ضلع مرادآباد

نقل مطابق اصل
دستخط
جي رکٹ صاحب مجسٹریٹ

ترجمه چٹھي خوشنودي عطا کرده (COPY 2)

ولسن صاحب بہادر

تاج الدين بعهده داروغه پل کشتي واقع مرادآباد کے مامور تھا اور تاریخ بست یکم مئي سنه ۱۸۵۷ ع کو بقید دو ہزار غازي مرادآباد پر چڑھ آئے بسرداري بہادر خان جو کوتوالي رامپور کا برقنداز تھا اس شخص نے همکو گولي مارنے کا ارادہ کیا مگر کالکا سنگه سپاهی پلٹن ۲۹ کمپني نے اسکو گرالیا بعده تاج‌الدین نے اسکے گلے پر دو ضرب تلوار کي لگائي مگر همنے سنا هی که یہه بہادر خان اپني مجروحي سے اچھا هوگیا اور اب رامپور میں موجود هی مگر البته تاج الدین نے اسوقت بڈي دلاوري‌کي‌اورمناسب‌هی‌جمله‌حکام‌انگریز اس شخص‌کي‌پرورش کریں کسواسطه که اگر غازي دریا سے عبور کرپاتے تو غالب هی که شہر مرادآباد لٹ جاتااور صاحبان انگریز اونکے هاته سے قتل هوتے *

Tajoodeen was Darogah of the Bridge of Boats at Moradabad. On the 21st May 1857, two thousand Ghazees came down upon Moradabad, headed by one Bahadur Khan, a Burkundaz of the Rampore Cotwallee. After having attempted to shoot me, he was knocked down by Kalka Singh, Sepahee of the 29th Regiment Native Infantry, and Tajooddeen then gave him two strokes over the neck with his sword. Bahadoor Khan survived his wounds and I believed, he is still in Rampore. Tajoodeen behaved very well on the occasion, and I trust every British Officer will cherish him, for had the Ghazees crossed the River, the Town of Moradabad would have been plundered, and in every probability all the Europeans and Christians would have been killed.

دستخط جي سي ولسن صاحب

اسپیشل کمشنر مورخه بست پنچم

اکتوبر سنه ۵۸ کمپ مرادآباد

(Sd.) J. WILSON.

Commr. Spl .Dy.

Camp Moradabad,
October 25th, 1859.

(COPY)

چٹھي ڈاکٹر کین صاحب بنام
ولیم صاحب کمشنر

My DEAR WILLIAMS,—The bearer of this is Sheikh Imamdoodeen, the old Moradabad Kotwal, if ever a Mahomedan behaved well, this man did. He together with his brother Tajooddeen wish to pay their respects to you. The former shot a Moulvie in the city 4 days before we left, the latter who was *Darogah* of the Ram Gunga Bridge, cut down the fanatic who was about to shoot Mr.Craycroft Wilson.

Your's truly,

(Sd.) H. M. CANNON.

یہ صاحب جو آپکے پاس پھونچتے ہیں شیخ امام الدین صاحب ہیں جو سابق میں مرادآباد کے کوتوال رہے اگر کسي شخص قوم مسلمان نے ایام غدر میں سرکار کے ساتھ خیرخواهی کري تو اسي نے کري اور ان صاحب کو معه اپنے بھائي باج الدین کے آپ کي سلام کا اشتیاق ہی اور چارروز قبل چھوڑ نے مرادآباد کے امام الدین نے شہر میں مولوي کو گولي سے مارا اور تاج الدین جو رام گنگا کے پل کے داروغه تھے اُنھوں نے ایك غازي کو قتل کیا جو اراده مار ڈالنے ولسن صاحب کا رکھتا تھا.*

دستخط

ایچ ایم کین صاحب

(COPIES.)
No. 116 OF 1859.

To J. H. BATTEN, ESQ., *Officiating Commissioner of Rohilcund.*

Sir,—I have the honor to reply to the enquiry contained in para. 16 of the orders of Government No.121, dated 19th January last, forwarded with Mr.Alexander's letter No.134, dated 8th ultimo.

ترجمه چٹھي صاحب مجسٹریٹ مرادآباد بنام صاحب کمشنر روهیلکھنڈ مورخه ١٥ اپریل سنه ٥٩ نمبر ١١٦

جواستفسارسرکارگورمنٹ نے کیاهی بیچ چھٹي سکرٹري مورخه ١٩ جنوري سنه ١٨٥٩ ع دفعه ١٦ معرفت چھٹي صاحب کمشنر لمبر ١٣٤ مورخه هشتم

ماہ مارچ سنہ ۵۹ کي همارے پاس
پھونچي اسکا جواب اب هم گذارش کرتے
هيں۔*

مسمي تاج الدين داروغه پل کشتي
مرادآباد کے تھے اس ایام میں جب
انتظام ضلع کا سپرد نواب رامپور کے کیا
گیا تھا اور سابق میں همارے سامنے بھي
بہت دنوں سے اسي عہدہ پر مامور رہے
تھے اوراسي داروغائي میں بروزبست یکم
مئي سنہ ۵۷ اونھون نے وہ عمدہ
کارگذاري دکھلائي جسکي رپورٹ
سابق میں ہوچکي اوربرابرایام غدر میں
یہ خیرخواہ رہے اور جب از سرنوع
انتظام سرکار کا ہوا اچھا کام کرتے رہے*

دستخط

جان اسٹریچي صاحب مجسٹریٹ

2. Tajooden was employed as Darogah of the Bridge and Ferry at Moradabad, during the whole time, that the Nawab of Rampoor, held the charge of this District. He had long served under us in the same capacity, and he was holding this appointment on the 21st May 1857, when he distinguished himself in the way, which has already been reported. He remained loyal throughout the disturbances, and did good service since we re-assumed the administration of the District.

(Sd.)

I have, &c.,

JOHN STRACHEY,

Magistrate.

Moradabad Magistracy,
The 15th April 1859.

انتخاب فہرست خیر خواہان
ضلع مرادآباد

کیفیت بہ نسبت تاج الدین یہہ
شخص رام گنگا کے پل کا داروغہ تھا اور
تاریخ بست یکم مئي سنہ ۱۸۵۷ ع کو
جبکہ دوہزار آدمي غازي بسرداري
بہادرخان کے جڈہ آئے جنھونے ارادہ

Extract from the List of Persons eminent for loyalty, in zillah Moradabad, during the late disturbances.

This man is the Darogah of the Bridge of Boats on the Ramgunga River at Moradabad. On the 21st May 1857, when two thousand Ghazees come down upon Moradabad, headed by one Bahadur Khan, who attempted to shoot Mr. Wilson, Tajooddeen gave the

ringleader two cuts with a sword on the neck, after he was knocked down by a sepoy of the 29th. His conduct considering the time and circumstances, was highly praiseworthy, and Mr.Wilson deemed the effects important. This individual gets 45 Rupees a month as Ghat Darogah, a pension or personal allowance of 25 Rupees a month, proposed to be conferred on him, to be drawn from date of sanction, and continued whether he be in the service or not. This man well deserves the reward already recommended for him, and is deserving of every consideration from the head of this district thereafter, especially if in want of protection from the enemies his good conduct has made him.

مارنے گولي ولسن صاحب کا کیا تھا تو اسوقت میں تاج الدین نے دو ضرب تلوار کي اسکے گلے پر کھینچ ماري جب ایك سپاھی پلٹن ٢٩ نے اسکو گرا لیا تھا. غرضکہ ایسي دلیري اس ایام میں بہرحال قابل پسندگي تھي اور ولسن صاحب بھي اسکے بہت مشکور ھوئي اور یہہ کام بہت عمدہ سمجھا اور اس شخص کو ٤٥ روپیہ مشاہرہ داروغائي کا ملتا ھی اور یہ بھي انکے واسطہ تجویز ھوئي ھی کہ ٢٥ روپیہ بطور پنشن کے سرکار سے اسکو مرحمت ھوں تو برابر اپني زندگي تك پائے جاوے خواہ کسي جگہ نوکر ھویانھواور بہرحال یہ شخص مستحق ھی پاؤنے اس انعام کا جو اسکے واسطہ تجویز کیا گیا ھے اور احکام ضلع سے لایق رعایت کے ھی ٠اونکو چاھیکہ انکے دشمنوں سے انکو امن دیویں کسواسطہ کہ بباعث انکي خیرخواھی کے کئي لوگ انکے دشمن بن رھے ھیں *

Extract of a Letter from the Assistant Secretary to the Government of the N. W. P., to the Commissioner of Rohilcund, No. 121, dated 19th January 1859, Para.

انتخاب چٹھي سکرٹري گورمنٹ اضلاع غربي بنام صاحب کمشنر روھلکھنڈ مورخہ ٢٩ جنوري سنہ ١٨٥٩ ع

دفعه شانزدهم

نواب لفٹننٹ گورنربہادر ارشاد فرماتے ہیں کہ آپ رپوٹ کیجئے نسبت کارگذاري و چلن طریقہ تاج الدین داروغہ بعد بست یکم مئي سنہ ۱۸۵۷ ع *

نقل مطابق اصل دستخط

جان سین صاحب ڈپٹي کلکٹر

ترجمہ چٹھي سکرٹري گورمنٹ مورخہ یازدھم جولاے سنہ ۱۸۵۹ لمبر ۹۱۰

بنام صاحب کمشنر روھیلکھنڈ

چٹھي آپکي مورخہ بست یکم جون لمبر ۲٤۷ نسبت چلن رویہ تاج الدین داروغہ بعد بست یکم مئي سنہ ۱۸۵۷ کے ورود ہوئي اور بجواب اسکے آپ کو اطلاع دیجاتي ہے کہ بعد ملاحظہ جملہ روداد کے نواب لفٹننٹ گورنر بہادر انعام مبلغ دوھزار روپیہ اس شخص کے واسطہ مقرر فرماتے ہیں حسب تجویز صاحب کمشنر سابق *

دستخط جي کوپر صاحب

سکرٹري گورنمٹ

16. You are requested to report on the conduct of Tajooddeen Darogah, subsequent to the 21st May 1857.

(True Extract)

(Sd.) J. JOHNSON,
Deputy Collector.

(COPY.)

No. 910.—From G. COUPER, ESQ., Secy to the Govt. N. W. P., to J. H. BATTEN, ESQ., Officiating Commissioner of Rohilcund Division, dated Allahabad, 15th July 1859.

POLITICAL — Sir,—I am directed to acknowledge the receipt of your letter No. 247, dated 21st ultimo, reporting on the conduct of Tajooddeen, Darogah, in the Moradabad District, subsequent to the 21st May 1857, and in reply, to intimate that under the circumstances therein stated, the Honorable Lieutenant Governor has been pleased to sanction the grant of a reward of two thousand (2000) Rupees, as recommended for him by your predecesor. I have, &c.,

(Sd.) G. COUPER,
Secretary to the Government N. W. P.

(True Copy)

(Sd.) J. CLARK,
Head Assistant.

نقل اس چٹھي کي پاس صاحب
مجسٹريٹ مرادآباد کے بھجي گئي
تھي بذريعه ڈاکٹ صاحب کمشنر مورخه
بستم جولاے سنه ۱۸۵۹ ع.*

نقل مطابق اصل دستخط

جان سين صاحب ڈپٹي کلکٹر

(No.259 of 1859)
Dated 20 July 1859.

Copy forwarded in reply to No. 116, dated 15th April, to the Officiating Magistrate, Moradabad. By.

(Sd.) J. H. BATTEN,
Officiating Commissioner

(True Copy.)

W. JOHNSON,
Deputy Collector and Magistrate.

Syud Toorabullee, Deputy Collector of Bijnour.

The mutiny found this officer holding the post of Tuhseeldar of Bijnour, and from first to last he showed a spirit of active and devoted loyalty to the Government he served. He is one of those of whom Mr.Shakespear writes, that they "never for a moment entertained a doubt of our final success."

He belongs also to that band of Mahomedan Officers who, amid the daily increasing difficulties of the period, gathered round the Collector of the district, made his house their home, kept unceasing watch and ward, maintained regular night patrols, and in a word undertook to do all that was practicable to afford personal protection to that gentleman, and his wife and little ones.

When the convicts broke jail, and with fire and sword spread terror and mischief wherever they went, Mr. Shakespear resolved to make an attempt to penetrate into the Jail, to try and appease the tumult. It was Meer Toorabullee then, who at that critical time came forward and said, that he would be the first to enter the prison. Soon after, when the Goojur population of Purgunnah Mundawa became troublesome, Mr. Palmer went out on 31st May 1857,

سید تراب علي ڈپٹي کلکٹر بہادر ضلع بجنور

جب غدر هوا یہه صاحب خاص بجنور کے تحصیلدار تھے۔ ابتداے غدر سے انتہا تك خیر خواهی سرکار پر بہت چست و چالاك رهے یہه صاحب انهی لوگوں میں سے هیں جنکے نسبت مسٹرسکسپیرصاحب بہادرارقام فرماتے هیں که کسیوقت انصاحبوں کو اسبات کا وسوسه نهیں‌هوا که انجام کار سرکار غالب نه رهے۔ جب مسلمان افسروں نے بروقت زیاده شورش‌هونےکےضلع بجنور میں دن رات صاحب کلکٹر بہادر کي کوٹهي پر رہنا اختیار کیا اور رات کو گشت کرتے اور پهره دیتے اور حکام کي اور جناب میم صاحبه اور بچوں کي حفاظت جان کا خاص اپنے ذمه اهتمام لیا اونهی افسروں میں کے ایك یہه افسر هیں جب جهلخانه ٹوٹا اور قیدیوں نے تلواریں اور بندوقیں لیکر حربه کرنا شروع کیااول جناب مسٹرشیکسپیر صاحب بہادر نے دلیرانه جهلخانه میں گهسنیکا ارادہ کیا تو اسي افسر نے کہا که اول جهلخانه میں گهسنا میرا فرض هی *

to disperse their rebel gangs, and Meer Toorabullee was present with him, and took an active part in the skirmishes against them; placing several of them *hors de cambat* with his own musket, and evinced throughout great firmness and intrepidity.

جبکه پرگنه منداور میں گوجروں نے بہت زیادہ شورش کي اوراکتیسویں مئي سنہ ۱۸۵۷ ع کو جناب مسٹر جارج پامر صاحب بہادر انکے دفعیہ کے لئے تشریف فرما ہوئے تو یہ افسر انکے ساتھ تھے اور برابر میدان میں مقابلہ کرتےرہےاوربندوقوں کي فیرسےبدمعاشوں کو مجروح و مقتول کیا اور اس شورش کے دفعیہ میں بہت کوشش مردانہ کام میں لائے*

After the European Officers were obliged to quit the district, and the continued stay of all loyal servants at Bijnour became fraught with danger to their personal safety, the native officer under notice repaired to Nuggeena, where unfortunately he fell into the clutches of the enemy; yet although closely watched, he nevertheless maintained his loyalty unsullied, and gave the best proof of it by contriving both by letter and message, to keep Mr. Shakespear, who was at Meerut, informed of all the proceedings of the rebels; and as soon as he could make an opportunity he fled out of their hands, and reached the Military camp at Roorkee.

بعد تشریف فرما ہونے حکام کے اور پڑنے متواتر صدموں اور آفتوں کے جب یہہ افسر نگیہنہ میں باغیوں کے چنگل میں پھنس گئے تو باوصف سختي حفاظت کے سرکار کي خیر خواھی سے ھاتھ نہ اوٹھا اور دلي خیرخواھی وٰھاں بھي کام میں لاتے رھے اور نہایت مشکل سے خفیہ وہاں کي خبریں تحریري اور بذریعہ پیغام زباني جناب صاحب کلکٹر بہادر پاس بمقام میرٹھ بھجتے رھے اور جب قابو ملا في الفور لشکر میں حاضر ہوئے زمانہ میں سرکاري لشکر بمقام رورڑکي تھا*

Much satisfaction was felt throughout the camp, and more particularly by Messrs. Shakespear and Palmer, upon his arrival there, for they had scarcely permitted themselves to hope that he could escape with his life from the grasp of the rebels. He took up his quarters in the camp, and accompanied the force to Nuggeena, where he was present at the engagement fought there on 21st April 1858. The Collector then entrusted to him the responsible duty of restoring order in that large town, and his administration was marked with both ability and discretion.

انکے آنے سے تمام لشکر میں اور
خصوصاً جناب مسٹر شکسپیر صاحب بہادر
اور جناب مسٹر جارج پامر صاحب بہادر
کو نہایت خوشي هوئي کیونکه باغیونکے
هاته سے انکا زنده رہنا بہت کم توقع
کیا گیاتها۔ جب سے برابر لشکر کے ساتهه
رهے اور نگینه کي لڑائي میں جو
اکیسویں اپریل سنه ۱۸۵۸ع کوواقع هوئي
همرکارب جناب صاحب کلکٹر بہادر لشکر
مقدم کے ساته بفتح و فیروزي نگینه
میں داخل هوئے۔ جناب صاحب کلکٹر
بہادر نے اس نازك وقت میں تمام
نگینه کا انتظام انکے سپرد کیا اور انهوں
نے نہایت هوشیاري اور خیر خواهی
سے اسکا انجام دیا *

In acknowledgment of these valuable services, the Government have not been slow to mete him a fitting recompense; for they have given him with a liberal hand both higher rank and better pay. He was first appointed honorary Deputy Collector, with an addition of 50 Rupees to his salary, and presented with a khillut of five pieces and a cap of points, three articles of jewellery, and a richly wrought sword; the whole valued at

بعوض اس خیر خواهی کے سرکار
دولتمدار نے جیسا که چاهئے ان افسر
کي قدرو منزلت کي في الفور آنریري
ڈپٹي کلکٹر مقرر کیا اور پچاس روپیه
ماهواري تنخواه میں اضافه فرمایا اور
خلعت پانچ پارچه معه کلاه چارقب
اورتین رقم جواہر اور شمشیر زرنگار قیمتي
ایکهزار روپیه کا اور پچیس سو روپیه سالانه
جمع کي دیہات زمینداري عطا فرمائي

1,000 Rs.; besides a zumeendary of 2,500 Rs.jumma. He has since been permanently appointed Deputy Collector of Bijnour; and in corroboration of the facts of this narrative, I here append the various testimonials and reports of the public officers to whom he was known, and by whom his services were appreciated.

اور پھر اوسي ضلع کا مستقل ڈپٹي کلکٹر مقرر فرمایا چنانچه سارٹیفکٹ اور رپوٹ هاے مفصله ذیل سے هماري اس تجویز کي بخوبي تصدیق هوتي هی*

(COPY) No.56.

From A. SHAKESPEAR, ESQ., Collector and Magistrate, Bijnour, to R. ALEXANDER, Esq., Commissioner, Rohilcund Division, Bareilly, dated 5th June 1868.

2. But as sometime must elapse before this necessary information is obtained, I beg to bring prominently to notice without further delay, those Government servants, who have eminently distinguished themselves during these troubles.

ترجمه چٹھي سکسپیر صاحب کلکٹر مجسٹریٹ ضلع بجنور بنام صاحب کمشنر بہادر روهیلکھنڈ مرقومه ٥ جون سنه ١٨٥٨ ع مقام بریلي لمبر ٥٦

دفعه دویم۔ جس تحقیقات کیواسطه آپ نے لکھا هی اسکي تلاش میں البته کچھ عرصه گذریگا لهذا با الفعل هم آپکي خدمت میں بلا توقف گذارش کرتے هیں درباب اون اهلکاروں کے جنهوں نے غدر میں عمده کام کئے اور اپني ناموري حاصل کي *

3. I accordingly submit the prescribed statement in behalf of the Deputy Collector of this District, Mohomud Ruhmut Khan, the Sudder Ameen, Syud Ahmud Khan and the Tuhseeldar of Bijnour, Meer Torab Ali, and I beg to bring to notice the following circumtances in support of my recommendation in their favor.

دفعه سویم۔ نقشه معمولي ارسال کرتے هیں نسبت رحمت خان صاحب ڈپٹي کلکٹر ضلع بجنور اور سید احمد خان صاحب صدر امین اور میر تراب علي صاحب تحصیلدار ضلع بجنور اور حالات تفصیل ذیل تحریر کئے جاتے هیں که موید اسکے هیں *

4. The position in which this district stood at the commencement of the rebellion, is well known to you. There were no troops of any kind attached to it, and it was not therefore, necessary to guard against danger on this account, except on the two occasions, when a small number of Sepoys were with us for few days. Our chief difficulty was to keep the peace of the district, and prevent any overt act of violence on the part of the Nawab and his retainers, with very insufficient means for so doing, and it was, therefore, of the utmost importance that I should be truly and intimately acquainted with the feelings of the different classes, with whom I had to deal. To aid me in this, I had recourse to the officers in whose behalf I now write, and I feel, I cannot exaggerate the value of the assistance they afforded me during this period of incessant anxiety and danger, I do not think our flight could possibly have been dalayed so long as it was had it not been for the unwearied zeal shown by these officers, whom I thus mention together because it was in consultation with them collectively, that I laid my plans, when matters began to assume a very serious aspect and it became necessary to treat the Nuwab, who by this time had collected round him a considerable number of arm-

دوفعه چہارم۔جوصورت اس ضلع
کي وقت شروع غدر کے تھي آپکو بخوبي
روشن ھی فوج سرکاري یہاں کچھ نه
تھي اس سبب سے کچھ اندیشه ایسے
امر کا نھوا اور نه کچھ تدبیر کرني پڑي
صرف دو مرتبه البته اندیشه ھوا تھا
جب چند نفر تلنگه تھوڑے دنو کے
واسطه یہاں آئے تھے بہت ضروري یہه
تدبیر تھي که بندوبست ضلع کا بدستور
قایم رھے اور کسي وجھه کي بدعت اور
تلنگه نواب صاحب اور انکے لواحقوں کے
جانب سے نھونے پاوے تو ایسا سامان
جسے یہه تدبیر کامل ھوسکتي اسوقت
بہت مشکل تھا اور ضرورت آشد تھي
که خبر معتبر نسبت اراده اور حال
ھرقسم کے لوگوں‌کي ھمکو پھونچا کري
چنانچه افسران موصوف سے مشوره
اس امر کا کیا اور اون افسروں نے اِس
مشقت کے وقت میں ایسا عمده مدت
ھماري کي که جسکا بیان مفصل نہیں
ھوسکتا ھمکو یقین کامل ھی که اگر
افسران موصوف ھماري مدت نکرتے تو
اتني مدت تک صاحبان انگریز کا اِس
ضلع‌میں‌ٹھیرنا بہت دشوار تھا اور اِنہیں

ed followers, with the utmost circumspection. On every occasion of special danger and difficulty, such as when the Jail broke, and I found it advisable to throw the Treasure down the well, and when the Sepoys of the 29th N.I., passing through, from Seharunpore to Moradabad, and men of the same corps, subsequently sent to our aid, had to be most cautiously dealt with. On all and each of these occasions, the officers in question were ever ready and behaved with great discretion and courage. And at the last, on the night on which we were compelled to leave the station I have good reason to know that but for the interposition of the Sudder Ameen, especially, the Nuwab would have given license to his followers, the result of which must have been fatal to our party.

تین صاحب سے واسطه تدبیر مناسب کي اسوقت بهي مشورت کي گئي تهي جب ضلع کا حال بگڑنے لگا اور معلوم هوا که نواب صاحب مسلح سپاهیوں کوبهرتي کرتے هیں کیونکه اس صورت میں خبرداري بهت هی لازم تهي اورنیز جسوقت سپاهیان رجمٹ ٢٩ سهارنپور سے مرادآباد کو اس ضلع کي راه سے آئے اور جهلخانه ٹوٹ گیا اور خزانه سرکاري کوئے میں ڈالنا مناسب معلوم هوا اور چند تلنگه اس پلٹن کے هماري مدد کے واسطه بهجے گئے غرض اس‌هرایك وقت میں یه تینوں صاحب بهت هوشیاري وجوانمردي کرکے همارے ساته مستعد رهے آخرش جس رات کو هم نے کمپو چهوڑنا مناسب جانا اگر صدر امین صاحب درمیان میں نهوتے تویقین تهاکه نواب صاحب اپنے اهلکاران کو بدعت کرنے کي اجازت دیتے اور اغلب‌تها که هماري جان پرضرور صدمه پهونچتا*

5. When we quitted the station, these officers also left, the Deputy Collector for Huldour, the residence of the Rajpoot Chowdrees of that

نفعه پنجم۔ جبکه همنے کمپوچهوڑدیا تو ان تین صاحب نے بهي چهوڑ دیا چنانچه ڈپٹي صاحب هلدور کو جهاں

place, and the Sudder Ameen and Tahseeldar for *Bussee Kotla* where they looked for protection and safety. Two of them had their families and could not have accompanied us, on the spur of the moment, even if it had been desirable; for making over the district as I did to the Nawab, in the full expectation that the fall of Delhi, (which was immediately expected), would entirely change the aspect of affairs and keep the Nuwab from committing himself, it was highly advisable that trustworthy native officials should remain at hand.

راجپوت رهتے هیں تشریف لیگئے اور صدرامین صاحب و تحصیلدار صاحب نے موضع بسرگڑھ میں پناہ لي دوصاحب انمیں سے عیالدار بھي تھے اس سبب سردست همارے ساتھ نہ چل سکے تھے بلکہ انکا چلنا مناسب بھي نہ تھا کسواسطہ کہ اوندنوں میں خبر گرم تھي کہ صبح شام میں دھلي فتح هونے والي ہی اور همنے اس ضلع کو نواب صاحب کے سپرد اس امید پر کیا تھا کہ وہ کسیطرح کي حرکت نہ کریں۔ غرض اس صورت میں مناسب بھي تھا کہ حکام اهل هند جو معتمد هوں اس ضلع میں موجود رهیں۔*

6. The hopes inspired amongst the Moosulmans of the district by the protracted seige of Delhie, subsequently placed these officers in a very critical position, and the arrival of some 400 Juhadees on the 24th June, on their way to Delhie, under a fanatic named Mooner Khan put their lives in great jeopardy, and it was not until the 6th of August, when the Nuwab was compelled to fly from Bijnour, that they were again able to act openly as true subjects of the British Government, up to this time

دفعہ ششم۔جبکہ دھلي فتح نہوئي تواس ضلع کے مسلمانوں کا حوصلہ بڑھ گیا اور ان افسروں کا وھاں رھنا بھي مشکل ھوابلکہ بست نہم جون کو جب قریب چارسو آدمي جہادي میر خان سرگروہ کے ساتھ واسطے جانے دھلي کے اس ضلع میں آئے تھے اس وقت ان صاحبونکو جان کا بھي خوف تھا اور ٦ اگست تک جب نواب بجنور بھا گا تب تک یہہ افسر علانیہ خیرخواھی

سرکار کی نکرسکے مگر بہت مشکل کے ساتھ حکام کو خبر دیتے رہے کسي وقت میں ان صاحبوں کو وسوسہ نہیں ہوا کہ انجام کار سرکار غالب نرہی *

their communication with the district officers had been carried on under considerable risk and difficulty, but they never appear for a moment to have entertained a doubt of our final success. *(The rest of this paragraph pertains to the Deputy Collector and Sudder Ameen.)*

باقي جو اس دفعہ کا مضمون ہی وہ متعلق ڈپٹي صاحب وصدرامین صاحب کے ہی

دفعہ ہشتم۔قبل از جنگ ہلدور کے تراب علي تحصیلدار نگینہ کو واسطہ لانے عیال و اطفال کے چلے گئے تھے جنکو انھوں نے پیشتر سے وہاں روانہ کردیا تھا جب حکام انگریز کمپو سے چلے گئے تھے مگراس مکان پراسطورسے زیرنظررہے کہ آنا انکا دشوار ہوا مگر شروع مہینے مارچ میں موقعہ پاکر مرادآباد کو فرار ہوگئے وہاں سے ہمارے پاس روڑکي میں آئے *

8th. Toorab Ulee, the Tehseeldar had, before the Haldour fight, gone to Nugeena to fetch his family, which he had sent there after the European Officers left the District, and at that place he was kept under such strict surveillance that he could not get away until the beginning of March, when he escaped to Moradabad and thence came to me at Roorkee.

دفعہ١٧۔اب ہمکوذکرکرناکارگذاري میر تراب علي تحصیلدارکا باقي رہ گیا *

17. It now remains for me to notice the case of Meer Toorab Ali, Tehseeldar of Bijnour.

دفعہ ١٨۔اس افسر نے مدرسہ آگرہ میں تعلیم پائي اول نوکري سرکار سنہ ١٨٤٢ میں کري اور جلدي انکي ترقي ہوتي رہی اور سرشتہ دار فوجداري و نظامت کي ضلع متھرا میں رہے وہاں

18. This officer after studying at the Agra College, entered the Government service in A.D., 1842 in which he rapidly rose, and after holding the post of Tahseeldar, both in the Criminal and Revenue Department in the Muttra

District, became a Tehseeldar in Bijnour in 1855, in which capacity he had received the highest testimonials from all his superiors.

سے سنه ۵۵ میں بجنور کے تحصیلدار ہوئے اور اسناد حوشنودي مزاج حکام حاصل کرتے رہے *

19. Toorab Ali's own brother, Syud Zamin Ali, at the time of the outbreak was Tehseeldar of Baraitch in Oudh, and after being compelled to fly from that place has remained with Mr.Wingfield, the Commissioner of Baraitch, in the Azimgurh and Goruckpore Districts. His uncle Sahib Ali, was a Tuhseeldar in Bundelcund, and has been killed by the rebels during the disturbances in that part of the country. A cousin, Irshad Ali, is Tehseeldar of Futtehpore Sikree, in the Agra District, in which position he was when the disturbances commenced, and of his other near relations one is Deputy Collector at Nagpore, a second Serishtadar in the Commissioner's Office at Jubulpore, and a third Tehseeldar of Mahabun, zillah Muttra, and all these I have reason to believe stood firm in their allegiance.

دفعه ۱۹ــتراب علي کا حقيقي بهائي سيد ضامن علي وقت شروع غدر ضلع بڑايج ملك اود ميں تحصيلدار تھے وهاں سے جب فرار هونا مناسب هوا تو مسٹر ونگ فيل صاحب کمشنر بڑايج کے همراه رهے باضلاع آعظم گڈه وگورکهپور اور چچا تراب علي کے صابت علي مدهيل گڈه ضلع ميں تحصيلدار تھے هاته باغيوں سے قتل هوئے اورارشاد علي چچازاد بهائي انکے فتح پور سيکري ضلع آگره ميں تحصيلدار هيں اور ايك صاحب انکے يگانوں ميں سے ناگپور ميں ڈپٹي کلکٹر اور ايك صاحب محکمه کمشنري جبل پور سرشته دار اور ايك صاحب پرگنه مهابن ضلع متهرا ميں تحصيلدار هيں اور يهه سب صاحب ايام غدر ميں خيرخواه سرکار رهے *

20. Just before the outbreak, Toorab Ali underwent an examination for the appointment of Deputy Collector. His answers were sent back to the Sudder Board of Revenue in

دفعه ۲۰ــقبل غدر کے تراب علي کا امتحان واسطه عهده ڈپٹي کلکٹري کے هوا تها اور جوابات بند سوال پر جو

the beginning of May 1857, and I am quite satisfied, that if they are forthcoming they will prove that he showed himself fully qualified in every respect. I carefully looked at the examination papers myself, and I perfectly recollect being much pleased with the fulness and accuracy of the answers, and the thorough knowledge of his duty which they exhibited. In fact, there can be no doubt, that Torab Ali is a first rate officer, in addition to being a thoroughly loyal one, and I trust he may obtain his promotion to a Deputy Collectorship on account of his qualifications, and a zumeendaree in the Muttra or Agra districts yielding a profit of 100 Rs.per mensem, should there be suitable villages available, and in the event of no villages being available that he receive a life pension of Rs. 100 per mensem in recognition of his undoubted loyalty and good service.

I have, &c.,

(Sd.) A. SHAKESPEAR,

Magistrate and Collector.

Bijnour Magistracy and Collectorate, 5th June 1858.

انکے ہوئے تھے وہ شروع ماہ مئي سنہ ٥٧ میں‌واسطہ ملاحظہ حکام صدربورڈ کے روانہ ہوئي ہمکو یقین ہی کہ اگر وہ کاغذاب برآمدہوجاویں تواسکے ملاحظہ سے لیاقت اس شخص کي واسطہ اس عہدہ جلیل کے ثابت ہوجاوے کسواسطہ کہ وہ جوابات ہمارے ملاحظہ سے گذرے تھے ہم کو خوب یاد پڑتا ہی کہ جوابات انکے بہت معقول اور انسے مترشح ہوتا تھا کہ انکو واقفیت کار سرکارمیں بدرجہ کمال ہے اور واقعي میں کچھ شک نہیں کہ بڑے مستعد افسر ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ انکي ترقي بعہدہ ڈپٹي کلکٹر ہوجاوے اور ہم یہ بھي چاہتے ہیں کہ ضلع متھرا یا آگرہ میں انکو زمینداري عطا کیجاوے کہ جس سے سوروپیہ ماہواري کي انکو منفعت ہوتي رہے اگر یہہ امر غیر ممکن ہو اور اس قسم کي زمینداري میسر نہو تو ہمارے نزدیک مناسب ہے کہ بہ عیوض خیرخواہی و حسن کارگذاري ایام غدر سو روپیہ ماہواري بطور پنشن تا حین حیات انکو دیا جایا کرے .* دستخط

اي سکشپیرصاحب مجسٹریٹ کلکٹر

Extract of Para. 2 of letter No.75, dated 23rd June 1858, from Collr. and Magistrate Bijnour, to Commissioner Rohilcund Division.

2.—I trust that the recommendation now made, may be considered sufficiently explicit for the Deputy Collector Ruhmut Khan and Toorabali, Tehseeldar, the proposed reward has been calculated at half their present salaries.

I have, &c.,
(Sd.) A. SHAKESPEARS,
Magistrate and Collector
Bijnour Magistracy and Collectorate,
The 23rd June 1858.

انتخاب دفعه نويم چٹھي صاحب کلکٹر ضلع بجنور بنام صاحب کمشنر روهيلکھنڈ مورخه ١٣ جون سنه ٥٨ لمبر ٧٥

دفعه دويم—يقين هی که جو همنے تجويز کيا هی وه بخوبي صاف هيں اور واسطه رحمت خان صاحب ڈپٹي کلکٹر و تراب علي تحصيلدار کے جو انعام تجويز کيا هی وه بحساب نصف تنخواه کي هی*

No. 169 of 1858.

From W. H. LOWE Esq., Offg. Secy. S. B. of Revenue, N. W. P. Agra, to A. SHAKESPEAR Collector of Bijnour, dated Agra the 2nd July 1858.

Sir, — In reply to your letter No.106, dated 11th June, I am directed to inform you, that the Sudder Board of Revenue have perused with much satisfaction the copy, therewith forwarded, of your report to Government respecting the loyalty and good ser-

REVENUE
Present:
E. A. Reade, Esquire, Senior Member.

* Mahomed Ruhmut Khan Deputy Collector, and Deputy Magistrate of Bijnour.
Syud Ahmed Khan, Sudder Ameen of Bijnour

ترجمه چٹھي سکٹري صدر بورڈ بنام صاحب کلکٹر بجنور لمبر ١٦٩ مورخه دوسري جولاے سنه ٥٨

دفعه اول—چٹھي تمهاري مورخه يازدهم جون لمبر ١٠٦ ملاحظه ميں گذري صاحبان بورڈ کو کمال خوشي هوئي که اسطرح کی کار گذاري جانب افسران مفصله ذيل سے ظهور ميں آئي يعني محمد رحمت خان صاحب ڈپٹي کلکٹر و سيد احمد خان صاحب صدر امين ضلع بجنور و مير تراب علي تحصيلدار بجنور*

Meer Toorab Ali, Tehseeldar of Bijnour

vice rendered by the native officers noticed in the margin.*

2. You will observe from the Extract from the Board's Abstract of Proceedings, dated 19th May 1857, herewith forwarded, that Toorab Ali duly passed his examination.

I have, & c.,

(Sd.) W. H. LOWE.
Officiating Secretary.
19th May, 1857.

Collective Board.

Extract from Board's Proceedings, regarding promotion of Toorab Ali Tehseeldar of Bijnour. P. No. 3855.

No. 166
Collector of Bijnour, dated 28th April 1857, No. 56, reference to Board's No. 113, dated 2nd April forwards examination papers of Toorab Ali and considers the replies satisfactory

No. 167.
To Commissioner Rohilcund Division, reference to Board's No. 159, dated 2nd April, intimating that Toorab Uli has passed his requisite examination, and is entitled to promotion to 2nd grade, directing him to exercise his discretion in reporting to Government for special powers

(True Extract.)
(Sd.) E. G. FRASER,
Asstt. Secy.

دفعه نویم ــ بملاحظه انتخاب روبکار محکمه صدر بورڈ مورخه ١٩ مئي سنه ٥٧ جولف چٹھي هذا کي هی آپکو واضح هوکه امتحان تراب علي کا تسليم هوا *

دستخط

ڈبليو ايچ لو صاحب سکتر.

انتخاب روبکاري صدر بورڈ درباب ترقي تراب علي تحصيلدار لمبر ١٦٦

چٹھي صاحب کلکٹر بجنور کي آئي مورخه ٢٨ اپريل سنه ٥٧ بجواب چٹھي صدر بورڈ مورخه ٢ ماه منکور معه نقل بند سوال و جوابات تراب علي لمبر ١٦٧ چٹھي بنام صاحب کمشنر روهيلکهنڈ کے لکهي گئي که امتحان تراب علي کا درست آيا اور قابل ترقي درجه نويم تحصيلداروں کے هيں صاحب کمشنر اگر مناسب سمجهيں تو درخواست جسب ضابطه واسطه عطاے اختيار خاص کے بهيجيں *

تصديق انتخاب دستخطي

اي جي فريزر صاحب نايب سکٹر.

No.90.

From A. SHAKESPEAR, Esq., Collector of Bijnour, to R. Alexander, Esq., Commr. Rohilcund Division, dated 14th July 1858.

